بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


ظابطۂ اخلاق

و

نصاب تعلیم

کلیۃ البنات الامجدیہ، گھوسی ضلع مئو (یوپی)

پن کوڈ 275304   موبائل نمبر ۔ 9415250600, 9506396843


۲
فہرست

ہدایات و شرائط داخلہ

☆ کلیہ کا تعلیمی سال عموماً ۹/شوال المکرّم سے شروع ہوکر اخیر شعبان المعظم تک ختم ہوگا۔

☆ **جدید داخلہ** کے لیے ۱۲/شعبان المعظم کو ٹیسٹ ہوگا۔

☆ درجات پرائمری نیز اعدادیہ تا ثانیہ میں ہرگز بیرونی طالبات کا داخلہ نہ لیا جائے گا۔

☆ طالبات کے داخلہ کے وقت کم از کم عمر ۱۲/سال ہونی چاہیئے۔

☆ دارالاقامہ میں رہائش پذیر ہر طالبہ کے سرپرست پر لازم ہوگا کہ طالبہ کے دو ایسے محارم کے نام تحریری طور پر پیش کریں جن کے ساتھ طالبہ چھٹی میں گھر جا سکے اور صرف انہیں کے ساتھ طالبہ کو ملاقات یا گھر جانے کی اجازت ہوگی۔ان محارم کی شناخت کی علامت آدھار کارڈ کی کاپی جمع کرنا ہوگا۔

☆ امیدوار داخلہ اپنے قلم سے فارم کی خانہ پُری کریں گی۔

☆ جس درجہ کا داخلہ مطلوب ہے امتحان داخلہ (ٹیسٹ) میں اس سے قبل کے درجہ کی کتابوں کا ٹیسٹ لیا جائے گا۔

☆ اس درجہ کے لیے اطمینانی رپورٹ ملے تو داخلہ لیا جائے گا ورنہ معذرت کرلی جائے گی۔

☆ مطلوبہ درجہ کے لیے جس استعداد کی ضرورت ہے اتنی استعداد موجود ہو تو امتحان کی رپورٹ کو اطمینان بخش مانا جائے گا ورنہ نہیں۔ بنیادی مضامین میں کامیاب ہونا لازم ہے۔

☆ ایک امیدوار طالبہ کو یا ایک گھر کی چند امیدوار طالبات کو ایک ہی سرپرست اپنے ساتھ لائیں۔

☆ ہر مضمون کا تحریری وتقریری امتحان (ٹیسٹ) ہوگا۔

☆ امتحان داخلہ (ٹیسٹ) میں کامیابی کے بعد کلیہ کے مقرر کردہ ڈاکٹری کی طبی رپورٹ پر ہی داخلہ ہوگا۔

☆ امتحان داخلہ (ٹیسٹ) کی ساری کاروائی کے بعد ہی داخلہ فارم کی خانہ پُری خود امیدوار کو کرنی ہوگی۔جس پر منظوری ملنے کے بعد سند داخلہ دی جائیگی۔

نوٹ: امتحان داخلہ (ٹیسٹ) کے لیے نصاب تعلیم کے مطابق تیاری کریں، جو اخیر میں منسلک ہے۔

ہاسٹل میں رہنے والی طالبات کے لیے

ضروری امور

☆ مستطیعہ طالبات کو طعام و ناشتہ کے لیے ہر ماہ آٹھ سو روپئے ادا کرنے ہونگے جس کا ہر ماہ کی ۱۰/تاریخ تک ادا کرنا ضروری ہوگا۔ اگر ایک ماہ تک مصارف وصول نہ ہوئے تو مجبوراً طالبہ کو واپس کیا جاسکتا ہے۔

☆ طالبات کے لیے مندرجہ ذیل اشیاء کا انتظام کرنا خود انہیں لازم ہوگا۔

یونیفارم: (دو جوڑے) سفید شلوار، سفید دوپٹہ، جمپر، (جو رنگ کلیہ کا مقرر ہے) دستانہ وموزے۔

یونیفارم کے علاوہ غیر اوقات تعلیم میں پہننے کے لیے کم از کم چار جوڑے کپڑے، گدا ا/عدد، تکیہ ا/عدد، غلاف تکیہ ۲/عدد، بستر کی چادر ۲/عدد، اوڑھنے کی چادر ا/عدد، جاڑوں کے لیے لحاف ا/عدد، بالٹی مع جگ ا/عدد، رکابی ۲/عدد۔ پیالہ ۲/عدد، چھوٹا چمچہ ۲/عدد، پانی کا گلاس ا/عدد، مصلیٰ ا/عدد۔

اوقات تعلیم:

(۱) تعلیم کا وقت پانچ گھنٹے ہوگا جو آٹھ گھنٹیوں میں تقسیم کیا جائے گا۔

(۲) اوقات تعلیم باختلاف موسم تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔

حاضری:

(۱) ہر طالبہ پر فرض ہوگا کہ وہ روزانہ اپنے درجہ کی گھنٹیوں میں وقت پر حاضر ہو۔

(۲) متعلقہ معلمات کے رجسٹر میں طالبہ کی حاضری و غیر حاضری اور رخصت کا اندراج روزمرہ ہوا کرے گا۔

(۳) جو طالبہ اکثر غیر حاضر رہتی ہے یا جس کے چال چلن خراب ہوں یا حکم عدولی یا گستاخی کرے اس کو صدر معلمات فہمائش و تنبیہ کریں گی اگر مؤثر نہ ہو تو اس کے خلاف تادیبی کاروائی کی جائے گی یا کلیہ سے خارج کر دیا جائے گا۔

(۴) ہر طالبہ کے لیے پورے تعلیمی سال کی ۷۵ فیصد حاضری ضروری ہوگی۔ ۷۵ فیصد سے کم حاضری کی

صورت میں امتحان سالانہ میں بیٹھنے سے روک دی
جائے گی۔

(۵) متواتر ۱۵/ایوم بلا اجازت غیر حاضری پر طالبہ کا نام کلیہ سے خارج کر دیا جائے گا۔

رخصت:

(۱) معلمات اپنی گھنٹی کی رخصت مناسب ضرورت کے تحت طالبہ کو دے سکتی ہیں۔

(۲) پورے دن یا زائد کی رخصت کے لیے صدر معلمات کے نام درخواست دی جائے جس پر سرپرست کا دستخط ضروری ہوگا۔

(۳) صدر معلمات، متعلقہ معلمات اور نگراں دار الاقامہ کو رخصت کی اطلاع دیں گی تاکہ رجسٹر حاضری طالبات اور رجسٹر حاضری دار الاقامہ و مطبخ میں اسی کے حساب سے کاروائی ہوسکے۔

نظم و ضبط:

(۱) کلیہ کے دستور اساسی و دستور العمل اور دیگر احکام کی پابندی ہر طالبہ پر لازم ہوگی۔

(۲) طالبہ کی وضع اسلامی اور اسلام کے طریقہ پر ہونی ناگزیر ہے۔

(۳) جملہ معلمات کا ادب واحترام، معلمات کی اطاعت و فرمانبرداری ہر طالبہ پر ضروری ہوگی۔

(۴) کسی طالبہ کو بغیر اجازت ناظر دار الاقامہ، دار الاقامہ سے باہر جانے کی قطعاً اجازت نہ ہوگی۔ خلاف ورزی کی صورت میں دار الاقامہ سے خارج کر دیا جائے گا۔

(۵) کلیہ البنات الامجدیہ کے املاک کو نقصان پہنچانے سے پرہیز کرنا ہوگا۔

یونیفارم:

(۱) کلیہ البنات الامجدیہ کی طالبات اوقات درس میں یا کسی تقریب میں شرکت کے وقت یونیفارم کا استعمال کریں گی۔

(۲) کلیہ کے حدود سے باہر جانے کے لیے بارہ سال یا زائد عمر کی طالبات پر نقاب، موزے اور دستانے کا استعمال لازم ہوگا۔

امتحانات:

(۱) سال میں سہ ماہی، ششماہی، سالانہ امتحان ہوں گے۔

(۲) امتحان سہ ماہی ماہ ذی الحجہ میں، امتحان ششماہی اوائل ربیع الاول میں اور امتحان سالانہ اوائل شعبان میں ہوں گے جو تحریری و تقریری ہوں گے۔

(۳) امتحان کا سارا نظم و نسق صدر معلمات ناظم اعلیٰ کے مشورے سے کریں گی۔

(۴) سہ ماہی و ششماہی امتحان کے لیے اسباق بند نہیں کئے جائیں گے۔

(۵) امتحان سالانہ کی تیاری کے لیے ایک ہفتہ قبل اسباق بند کر دیئے جائیں گے۔

(۶) امتحان کی کامیابی کے حسب ذیل مراتب ہوں گے۔

عُلیا (ممتاز)، الاولیٰ (فرسٹ)، الثانیہ (سکنڈ)، الثالثہ (تھرڈ)۔

(۷) ممتاز کے لیے کم از کم ۷۵ فیصد، الاولیٰ کے کم از کم ۶۰ فیصد، الثانیہ کے کم از کم ۴۵ فیصد اور الثالثہ کے لیے کم از کم ۳۳ فیصد حاصل کرنا ضروری ہوں گے۔

(۸) مسلسل دو سال امتحان سالانہ میں ناکام ہونی کی صورت میں کلیہ سے خارج کر دیا جائے گا۔

انعامات:

(۱) اپنے درجہ میں اول آنے والی طالبات کو انعام دیا جائے گا بشرط کہ اس کا نمبر ۷۰ فیصد سے کم نہ ہو۔

(۲) اپنے درجہ میں دوم آنے والی طالبہ کو انعام دیا جائے گا بشرط کہ اس کا نمبر ۶۵ فیصد سے کم نہ ہو۔

(۳) پورے کلیہ میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والی طالبہ کو ایک خصوصی انعام دیا جائے گا بشرط کہ اس کا نمبر ۷۵ فیصد سے کم نہ ہو۔

بزم:

(۱) طالبات کلیہ کی ایک علمی بزم ہوگی اس کا نام ''مجلس ہاجرہ'' ہوگا۔

(۲) اس بزم کی سرپرست کلیہ کی صدر معلمات ہوں گی۔

(۳) طالبات میں علمی ، انتظامی صلاحیت پیدا کرنے کے لیے اس بزم کے انتظامات طالبات کے

ہاتھوں انجام دیئے جائیں گے۔

(۴) سرپرست اپنی معاونت کے لیے کسی معلّمہ کو مقرر کرے گی جو مربیہ کہلائے گی۔

(۵) تقریر و تحریر کا ذوق و مشق بڑھانے کے لیے طالبات کی ایک علیحدہ مجلس ہوگی۔

(۶) ہر ہفتہ جمعرات کے دن بزم خطابت ہوا کرے گی جس میں تمام طالبات کی شرکت لازمی ہوگی۔

طالبات کی مصروفیات:

نــوٹ : مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنے سے سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم، حفظان صحت اور خوشنما زندگی گزارنے کا شعور و سلیقہ بھی پیدا ہوگا اوران سب امور پر جتنی خوش اسلوبی سے عمل کریں گی، اس پر سال کی اخیر میں امتیازی نمبر بھی حاصل ہوں گے۔

فجر تا ظهر:

☆ صبح صادق کے وقت بیداری کی گھنٹی بجتے ہی بیدار ہوجائیں اگر کوئی جگ رہی ہو تو اسے سلام کریں ورنہ جگا کر سلام کریں، جو بھی چھوٹی ہو یا بڑی اس سے سلام میں سبقت کریں۔ پہلے صابن سے دونوں ہاتھ گٹوں تک اچھی طرح دھوئیں خاص طور سے ناخن، اس کے بعد کسی چیز کو ہاتھ لگائیں۔

☆ اگر پاخانہ کی حاجت ہو تو فراغت کے بعد ایک بالٹی پانی سائیفن میں ڈالیں اس کے بعد صابن سے دونوں ہاتھ اچھی طرح دھولیں اور مسواک یا برش اطمینان سے اس طرح کریں کہ سارے دانت اندر باہر خوب صاف ہوجائیں۔ پھر وضو کریں اور نماز ادا کریں۔ باہر تازہ ہوا میں چہل قدمی کریں، یا ہلکی ورزش کریں یا پی ٹی کریں، قرآن کی تلاوت مع ترجمہ کریں۔ وقت ہو تو درسی کتابوں کا مطالعہ کریں۔ اوقات درس سے ایک گھنٹہ قبل کمرہ اس طرح صاف کریں، پہلے چھت اور کمرے کے گوشوں کے چھالوں کو اور الماری، کتابیں، بستر صاف کر کے سامان سلیقہ سے لگادیں۔ پھر کمرے کے فرش کو صاف کریں، کوڑہ کو کوڑہ دان میں ڈال دیں، سینڈل، جوتی صاف کرلیں یا پالش کرلیں۔

☆ پھر غسل کریں۔ بعد غسل بالوں کو کنگھا وغیرہ کرلیں، پھر ناشتہ کریں، ناشتہ سے فراغت کے بعد یونیفارم پہن کر درسگاہ جانے کے لیے تیار ہوجائیں، جن کتابوں کا درس ہو وہ کتابیں اور کاپیاں قلم وغیرہ تیار

کرلیں جیسے ہی گھنٹی بجے انتہائی متانت باوقار صف بستہ دست بستہ، ملنے والوں کو سلام کرتے ہوئے سلام میں شریک ہوجائیں، اور سلام کے بعد اسی متانت اور سنجیدگی سے درسگاہ میں داخل ہوں۔

☆ کمرے سے نکلتے وقت کھڑکیوں کے دروازے بند کردیں تاکہ کیڑے مکوڑے گردوغبار اندر نہ آئیں۔ پنکھے اور لائٹ بھی بند کردیں، جو سامان بے ترتیب ہوں انہیں ترتیب سے رکھیں۔

☆ جب درسگاہ جائیں تو اپنے ساتھ انھیں کتابوں کو رکھیں جو داخل درس ہیں یا جن کا اس وقت درس ہو۔ انھیں کاپیوں کو رکھیں جن کی ضرورت ہو۔

☆ اگر گھنٹی خالی ہو تو درس گاہ میں یا دارالمطالعہ میں درس سے متعلق بحث ومباحثہ ومطالعہ کریں، رہائشی کمرہ میں ہرگز نہ جائیں۔ اوقات درس میں کمرہ میں بلا اشد ضرورت کے جانا جرم ہے۔

☆ اختتام درس کے بعد اسی متانت وسنجیدگی سے درسگاہ سے باہر آئیں اور جب کمرہ میں داخل ہو تو مندرجہ ذیل امور پر توجہ دیں۔

☆ کھڑکیاں کھول دیں، روشنی ناکافی ہو تو بلب جلادیں، ہوا ناکافی ہو تو پنکھا چلائیں پھر سامان دیکھیں کہ آپ کی ترتیب کے مطابق ہے کہ نہیں اگر نہیں تو توجہ دیں کہ سامان کی ترتیب کیوں بگڑ گئی؟ کیا کوئی دوسری طالبہ کمرے میں داخل تو نہیں ہوئی؟ کوئی سامان چوری تو نہیں ہوا؟ اگر ایسا ہوا تو فوراً نگراں کو اطلاع دیں۔ اگر سامان بالترتیب ہیں تو پھر اپنی مصروفیات میں لگ جائیں، یعنی یونیفارم اتار کر کھونٹی یا ہینگر میں آویزاں کردیں اور صاف ستھرا کپڑا زیب تن کریں، صابن سے ہاتھ منھ دھولیں، (کھانے سے قبل ہاتھ کو ہرگز نہ پونچھیں) اس کے بعد کھانا کھالیں، کھانے کے بعد منھ اچھی طرح سے صاف کرلیں اگر دانت میں غذائی اشیاء پھنس گئی ہوں تو دھاگے یا نیم کے سینک سے خلال کریں، سوئی یا لوہے کی نوکیلی چیز سے ہرگز خلال نہ کریں، اس کے بعد باقاعدہ کلی کریں، اس کے بعد قیلولہ آدھا گھنٹہ یا ایک گھنٹہ کریں۔

ظہر تا عصر:

قیلولہ کے بعد نماز ظہر ادا کریں، بعدہ کتابوں کا مطالعہ کریں، فحش کتابیں ہرگز نہ پڑھیں، لکھیں یا دستکاری کی مشق کریں۔

عصر تا مغرب:

عصر کی نماز ادا کرنے کے بعد بزم حدیث ہوگی اس میں شریک رہیں۔اس کے بعد سے مغرب تک نہ کچھ پڑھیں اور نہ لکھیں بلکہ تفریح کریں۔خوش مجازی، خوش کلامی، خوش گپی یا کوئی کھیل جو ناظم دارالاقامہ نے منظور کیا ہے۔

مغرب تا عشاء:

مغرب کی نماز سے فراغت کے بعد درس مطالعہ کریں، کھانے کے بعد ہاتھ اور منہ کی صفائی کریں پھر تھوڑی دیر چہل قدمی کریں۔اس کے بعد اس درمیان درسی کتابوں کے علاوہ کوئی کتاب اور گفتگو کی اجازت نہیں۔ جب نماز عشاء کے لیے گھنٹی بج جائے مطالعہ بند کر دیں وضو کر کے نماز عشاء ادا کرے، اس کے بعد مسواک یا منجن کر کے صاف ستھرے بستر پر سو جائیں۔

☆ اگر کسی طالبہ کو خصوصی مطالعہ کرنا ہو دارالمطالعہ میں بیٹھ کر جب تک چاہے مطالعہ کرے اس وقت کمرہ میں مطالعہ یا گفتگو کی اجازت نہیں۔

جمعرات:

بعد نماز مغرب مشق نعت وتقریر وعظ وتبلیغ ہوگی۔

جمعہ یا تعطیل:

اپنے وقت اور سہولت کے مطابق کپڑوں کی صفائی، پریس، کمرے کی صفائی، ہفتے بھر کے پسماندہ کام کو مکمل کریں۔ملاقات کے معینہ وقت میں ہی ملاقات کریں۔اور

۲ / بجے دن سے شام ۵ / بجے تک ٹیلیفون پر بات کریں۔ نیز ٹیلیفون پر زیادہ سے زیادہ ۵ / منٹ بات کریں اور ان کو بتا دیں کہ وہ انہیں اوقات میں فون کریں۔

☆ سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم و ازواج مطہرات پر عمل کرنے میں سبقت کریں۔

مطالعہ وتکرار کا طریقہ

مطالعہ کرنے اور نوٹ تیار کرنے کا طریقہ: کل جو سبق پڑھنا ہے اس کا مطالعہ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے یہ دیکھا جائے کہ لفظ اسم ہے یا فعل ہے یا حرف اور عامل کے مطابق اس کو زبر پڑھا جائے یا پیش یا زیر، اگر اس لفظ کا ترجمہ معلوم نہیں ہے تو لغت کے ذریعہ معلوم کیا جائے یا اپنے استاذ کی طرف رجوع کیا جائے۔ ترجمہ معلوم ہو جانے کے بعد عبارت پڑھنا آسان ہو جاتا ہے، عبارت کا ترجمہ بھی سمجھ میں آنے لگتا ہے۔ مفرد الفاظ کی مدد سے مرکب الفاظ کا مفہوم سمجھنے کی کوشش ہونی چاہیے۔ مطالعہ کرتے وقت مفرد الفاظ کی شناخت اس طرح کی جائے کہ وہ اسم ہے یا فعل ہے یا حرف ہے۔ اسم ہے تو کونسا اسم ہے، فعل ہے تو کس باب سے ہے، اگر صحیح نہیں ہے تو معتل یا مضاعف ہے یا مہموز ہے۔ صحیح ترجمہ کرنے کے بعد عبارت کا مفہوم سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ گذشتہ اسباق کو بھی ذہن میں محفوظ رکھنا چاہیے تاکہ مصنف کی مراد سمجھنے میں مدد مل سکے۔

جب چند طالبات ایک ساتھ بیٹھ کر مطالعہ کریں تو ایک طالبہ عبارت پڑھے اور اس کی ہر رفیقہ درس اس کی غلطی پکڑیں اور غلطی کی وجہ بتا کر اس کی اصلاح کریں۔ ایک ساتھ مطالعہ کرنے میں بڑا فائدہ یہ ہے کہ قواعد یاد ہو جاتے ہیں اور صحیح اعراب کے ساتھ عبارت پڑھنے کی عادت پڑ جاتی ہے۔

تعطیلات

ہفتہ میں جمعہ کے دن عام تعطیل ہوگی

از	تا	تعدادایام	تفصیل تعطیلات
۱رزوالقعدہ	۳رزوالقعدہ	۳	عرس فقیہ اعظم ہند علیہ الرحمہ، گھوسی
۸رزوالحجہ	۱۴ذوالحجہ	۷	عیدالاضحیٰ (بقرعید)
۹رمحرم الحرام	۱۱رمحرم الحرام	۳	عاشورہ
۲۸رمحرم الحرام	....	۱	عرس سیدنا مخدوم اشرف سمنانی، کچھوچھہ
۲۰رصفرالمظفر	....	۱	چہلم شریف حضرت سیدامام حسین رضی اللہ عنہ
۲۵رصفرالمظفر	....	۱	عرس سیدنا امام احمد رضا رضی اللہ عنہ بریلی شریف
۱۰رربیع الاول	۱۲رربیع الاول	۳	عید میلا دالنبی صلی اللہ علیہ وسلم
۱۱رربیع الآخر	....	۱	گیارہویں شریف
۱رجمادی الاخریٰ	....	۱	عرس حافظ ملت علیہ الرحمہ، مبارکپور
۶ررجب المرجب	....	۱	عرس خواجہ معین الدین چشتی رضی اللہ عنہ
۲۷ررجب المرجب	....	۱	معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم
۱۵راگست	....	۱	یوم آزادیٔ ہند
۲راکتوبر	....	۱	گاندھی جینتی بحکم مدرسہ تعلیمی بورڈ لکھنؤ
۲۳رشعبان المعظم	۸رشوال المکرّم	۴۵	تعطیل کلاں
۲۵ردسمبر	۵رجنوری	۱۲	سردی
۲۶رجنوری	....	۱	یوم جمہوریہ ہند
میزان		۸۳	

﴿نصاب تعلیم درجات تحتانیہ﴾

درجۂ بنات (سال اول)

مضامین	ششماہی اول	ششماہی دوم
ناظرہ	عثمانی قاعدہ	عثمانی قاعدہ
اردو	ابتدائی تعمیر ادب	ابتدائی تعمیر ادب
ہندی	بال پوتھی	بال پوتھی
تحریر	مشق حروف تہجی ومرکبات وگنتی	مشق حروف تہجی ومرکبات وگنتی
دینیات	کلمۂ طیبہ، تعوذ، تسمیہ، اخلاقیات	اول تا سوم کلمہ، اخلاقیات
حساب	ابتدائی حساب	ابتدائی حساب

نوٹ: کلمہ طیبہ، کلمہ شہادت کا ترجمہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تعارف۔

درجۂ بنات (سال دوم)

مضامین	ششماہی اول	ششماہی دوم
ناظرہ	عم پارہ	عم پارہ
اردو	عزیز پرائمر	عزیز پرائمر
تحریر	اردو نقل واملا	اردو نقل واملا
ہندی	بال پوتھی	بال پوتھی
تحریر	ہندی نقل واملا	ہندی نقل واملا
دینیات	اول تا سوم کلمہ	اول تا سوم کلمہ
حساب	ابتدائی حساب	ابتدائی حساب

درجۂ اول (سال سوم)

مضامین	ششماہی اول	ششماہی دوم
قرآن مجید	قرآن مجید	قرآن مجید
دینیات	کلمہ (اول تا پنجم)	کلمہ (اول تا پنجم) ایمان مفصل و مجمل
اردو	تعمیر ادب (اول)	تعمیر ادب (اول)
تحریر	اردو نقل واملا	اردو نقل واملا
ہندی	کلرو (اول)	کلرو (اول)
تحریر	ہندی نقل واملا	ہندی نقل واملا
حساب	بیسک حساب (اول)	بیسک حساب (اول)

نوٹ: والدین اور بڑوں کا ادب، ملنے والوں کے ساتھ اخلاق برتنا، جسم، کپڑے کی صفائی خاصکر ناخن، دانت، ناک و بالوں کی صفائی راستے پر چلنے کا طریقہ (معلمات کی رہنمائی میں)

درجۂ دوم (سال چہارم)

مضامین	ششماہی اول	ششماہی دوم
قرآن مجید	قرآن مجید	قرآن مجید
دینیات	کتاب الفقہ (دوم)	کتاب الفقہ (دوم)
اردو	دروس اسلام اول مع مشق سوال وجواب	دروس اسلام دوم مع مشق سوال وجواب
تحریر	اردو نقل واملا	اردو نقل واملا
ہندی	کلرو (دوم)	کلرو (دوم)
تحریر	ہندی نقل واملا	ہندی نقل واملا
حساب	بیسک حساب (دوم)	بیسک حساب (دوم)
اخلاقیات	اخلاقی کہانیاں سنانا	اخلاقی کہانیاں سنانا

نوٹ: پہاڑہ ۲ سے ۱۰ ر تک یاد کرنا، وضو اور غسل کا طریقہ اور عملی مشق، فرائض و واجبات نماز کی معرفت، سورہ فاتحہ اور الم ترکیف سے والناس تک زبانی یاد کرنا۔ (معلمات کی رہنمائی میں)

درجۂ سوم (سال پنجم)

مضامین	ششماہی اول	ششماہی دوم
دینیات	کتاب الفقہ (حصہ سوم)	کتاب الفقہ (حصہ سوم)
اردو	دروس اسلام مع مشق سوال و جواب	دروس اسلام مع مشق سوال و جواب
تحریر	اردو نقل راملا	اردو نقل راملا
ہندی	کلرو (حصہ سوم) مع مشق سوال و جواب	کلرو (حصہ سوم) مع مشق سوال و جواب
تحریر	ہندی نقل راملا	ہندی نقل راملا
حساب	بیسک حساب (سوم)	بیسک حساب (سوم)
جغرافیہ	ہماری دنیا ہمارا سماج (اول)	ہماری دنیا ہمارا سماج (اول)
سائنس	آؤ تجربہ کر کے سیکھیں (اول)	آؤ تجربہ کر کے سیکھیں (اول)
اخلاق	اخلاقی کہانیاں سنانا	اخلاقی کہانیاں سنانا

نوٹ: پہاڑہ گیارہ سے بیس تک یاد کرنا۔

درجۂ چہارم (سال ششم)

مضامین	ششماہی اول	ششماہی دوم
دینیات	کتاب الفقہ (حصہ چہارم)	کتاب الفقہ (حصہ چہارم)
اردو	دروس اسلام (حصہ چہارم) مع مشق سوال و جواب	دروس اسلام (حصہ چہارم) مع مشق سوال و جواب
تحریر	اردو نقل واملا ودرخواست ومضامین	اردو نقل واملا ودرخواست ومضامین
ہندی	کلرو (حصہ چہارم) مع مشق سوال و جواب	کلرو (حصہ چہارم) مع مشق سوال و جواب
تحریر	ہندی نقل واملا	ہندی نقل واملا
حساب	بیسک حساب (حصہ چہارم)	بیسک حساب (حصہ چہارم)
جغرافیہ	ہماری دنیا ہمارا سماج (حصہ دوم)	ہماری دنیا ہمارا سماج (حصہ دوم)
سائنس	آؤ تجربہ کر کے سیکھیں (حصہ دوم)	آؤ تجربہ کر کے سیکھیں (حصہ دوم)
اخلاق	اخلاقی کہانیاں سنانا	اخلاقی کہانیاں سنانا

نوٹ: پہاڑہ گیارہ سے بیس تک یاد کرنا۔

درجۂ پنجم (سال ہفتم)

مضامین	ششماہی اول	ششماہی دوم
دینیات	کتاب الفقہ (حصہ پنجم)	کتاب الفقہ (حصہ پنجم)
اردو	دروس اسلام (حصہ پنجم) مع مشق سوال و جواب	دروس اسلام (حصہ پنجم) مع مشق سوال و جواب
تحریر	اردو نقل واملا خطوط نویسی، مضمون نویسی	اردو نقل واملا خطوط نویسی، مضمون نویسی
ہندی	کلرو (حصہ پنجم) مع مشق سوال و جواب	کلرو (حصہ پنجم) مع مشق سوال و جواب
تحریر	ہندی نقل واملا	ہندی نقل واملا
حساب	بیسک حساب (حصہ پنجم)	بیسک حساب (حصہ پنجم)
جغرافیہ	ہماری دنیا ہمارا سماج (حصہ سوم)	ہماری دنیا ہمارا سماج (حصہ سوم)
سائنس	آؤ تجربہ کر کے سیکھیں (حصہ سوم)	آؤ تجربہ کر کے سیکھیں (حصہ سوم)
انگلش	انگلش پرائمر	انگلش پرائمر
تحریر	انگلش نقل واملا	انگلش نقل واملا
عام معلومات	عام معلومات (حصہ اول)	عام معلومات (حصہ اول)
اخلاق	حکایات اولیاء وصحابیات وولیات کے حالات	نامور شخصیتوں کے حالات

(نصاب تعلیم درجات فوقانیہ وعالیہ)

(درجہ اعدادیہ) سہ ماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	فارسی کی پہلی	ابتدا	ماضی بعید کے فقرے
۲	تسہیل المصادر	سبق اول	سبق ۶
۳	عورتوں کی نماز	نماز کی فضیلت	فرائض غسل
۴	حفظ مع تجوید	سورۃ فاتحہ	الم ترکیف
۵	بیسک حساب دوم	ص ۵	ص ۲۲
۶	ماڈرن چوائز انگلش ریڈر (۳)	سبق اول	سبق ۳
۷	سیرت رسول اکرم	ص ۳	ص ۱۶
۸	دروس اسلام (خوشخطی واملا) حصہ ششم	حسب لیاقت	

(درجہ اعدادیہ) ششماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	فارسی کی پہلی	ماضی استمراری	آخر
۲	تسہیل المصادر	ابتدا	مکمل
۳	عورتوں کی نماز	ابتدا	مکمل
۴	حفظ مع تجوید	سورۃ ہمزہ	البیّنہ
۵	بیسک حساب دوم	ص۲۰	ص۴۰
٦	ماڈرن چوائز انگلش ریڈر (۳)	سبق۴	سبق ۸ مع گرامر
۷	سیرت رسول اکرم	ص۱۷	ص ۴۰ جمعہ کا پہلا خطبہ
۸	دروس اسلام (خوشخطی واملا) حصہ ششم	حسب لیاقت	

(درجہ اعدادیہ) سالانہ

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	فارسی کی دوسری	ابتدا	صفحہ ۵۰
۲	تسہیل المصادر	ابتدا	مع مصادر مکمل
۳	کتاب العقائد	ابتدا	مکمل
۴	حفظ مع تجوید	سورۃ الاعلیٰ	القدر
۵	بیسک حساب دوم	ص۴۲	ص۸۲
۶	ماڈرن چوائز انگلش ریڈر (۳)	سبق ۹	آخر مع گرامر
۷	سیرت رسول اکرم	مدینہ میں داخلہ	آخر
۸	دروس اسلام (خوشخطی واملا) حصہ ششم	حسب لیاقت	

(درجہ اولیٰ) سہ ماہی

تا	از	اسمائے کتب	نمبر شمار
ص ۴۰	باب اول	نصاب فارسی نثر	۱
تعریف جمع کثرت ص ۲۹	فصل اول ص ۱۰	نحو میر	۲
سبق ۱۰	سبق اول	منہاج العربیہ حصہ اول	۳
بحث نفی جحد بلم	ابتدا	میزان الصرف	۴
غسل کی سنتیں	طہارت کا بیان	سنی بہشتی زیور حصہ اول	۵
سبق ۳	سبق ۱	انگلش رین بو (٦)	٦
ص ۵۰	ص ۱	اسلامی اخلاق و آداب	۷
سبق ۴	سبق ۱	امور خانہ داری حصہ ششم	۸

(درجہ اولیٰ) ششماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	نصاب فارسی نثر	باب اول ص ۴۱	باب اول مکمل
۲	نحو میر	ابتداء	حروف عاملہ در فعل مضارع
۳	منہاج العربیہ حصہ اول	سبق ۱۱	آخر (مکمل)
۴	میزان الصرف	ابتدا	مکمل
۵	سنی بہشتی زیور حصہ اول	غسل کے فرائض	آخر
۶	انگلش رین بو (٦)	سبق ۴	سبق ۹ مع گرامر
۷	اسلامی اخلاق و آداب	ص ۵۱	نصف اول
۸	امور خانہ داری حصہ ششم	سبق ۵	سبق ۹

(درجہ اولیٰ) سالانہ

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	نصاب فارسی نظم	ابتدا	حکایات کامل
۲	نحو میر	ابتدا	مکمل
۳	منہاج العربیہ حصہ دوم	ابتدا	مکمل
۴	میزان الصرف	ابتدا	مکمل
۵	سنی بہشتی زیور حصہ دوم	ابتدا	مکمل
٦	انگلش رین بو (٦)	سبق ۱۰	آخر مع گرامر
۷	اسلامی اخلاق و آداب		نصف آخر
۸	امور خانہ داری حصہ ششم	سبق ۱۰	سبق ۲۳ باب سوم خارج

(درجہ ثانیہ) سہ ماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	پنج گنج	ابتدا	ص ۱۱
۲	شعر باستاں	ص ۱۰	ص ۲۱
۳	النحو الواضح	ابتدا	ص ۱۸
۴	فیض الادب حصہ اول	ابتدا	ص ۱۸ جز بہ ترکیب فعل و فاعل
۵	سنی بہشتی زیور حصہ سوم	نکاح کا بیان	محرمات کا بیان
۶	انگلش رین بو (۷)	سبق ۱	سبق ۳
۷	سیرۃ المصطفیٰ	باب اول	باب سوم
۸	امور خانہ داری حصہ ہفتم	سبق ۱	سبق ۴

(درجہ ثانیہ) ششماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	پنج گنج	ابتدا	خاصیات ابواب
۲	شعر باستاں	ص۲۲	ص ۵۶ لیلیٰ مجنوں مکمل
۳	النحو الواضح	ابتدا	ص۶۰
۴	فیض الادب حصہ اول	ص۱۹	مکمل
۵	سنی بہشتی زیور حصہ سوم	عورت کا دوسرے کے نکاح یا عدت میں ہونا	آخر
۶	انگلش رین بو (۷)	سبق۴	سبق ۹ مع گرامر
۷	سیرۃ المصطفیٰ	چوتھا باب	دسواں باب
۸	امور خانہ داری حصہ ہفتم	سبق۵	سبق۱۰ و سبق ۱۷

(درجہ ثانیہ) سالانہ

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
١	علم الصیغہ	ابتدا	باب سوم قواعد معتل مکمل
٢	سخن نو	حصہ نثر	حصہ نثر کامل باب سوم خارج
٣	شرح مأۃ عامل	ابتدا	ص ٣٤ النوع الثامن
٤	فیض الادب حصہ دوم	ابتدا	مکتبۃ البرید
۵	سنی بہشتی زیور حصہ چہارم	ابتدا	مکمل
٦	انگلش رین بو (٧)	سبق ١٠	آخر مع گرامر
٧	سیرۃ المصطفیٰ	گیارہواں باب	انیسواں باب
٨	امور خانہ داری حصہ ہفتم	باب چہارم	مکمل

(درجہ ثالثہ) سہ ماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	تنویر الآثار حصہ اول	ابتدا	ص ۲۰
۲	ہدایۃ النحو	ابتدا	ص ۱۸ اسم معرب
۳	القرأۃ الراشدہ حصہ اول	سبق اول	سبق ۷
۴	معلم الانشاء حصہ اول	تمرین ۱	تمرین ۲۰
۵	نورالایضاح	کتاب الطہارۃ	ماقبل باب التیمم
۶	انگلش رین بو (۸)	سبق ۱	سبق ۳
۷	کبریٰ	ابتدا	ص ۷
۸	امور خانہ داری حصہ ہشتم	سبق ۲	مکمل
۹	بہار شریعت حصہ اول	ابتدا	عقائد متعلقہ ذات وصفات الٰہی

(درجہ ثالثہ) ششماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	تنویر الآثار حصہ اول	ص ۲۱	ص ۶۰
۲	ہدایۃ النحو	ابتدا	ص ۴۶ المقصد الثالث
۳	القرآۃ الراشدہ حصہ اول	سبق ۸	آخر
۴	معلم الانشاء حصہ اول	تمرین ۲۱	۷۰
۵	نور الایضاح	باب التیمم	منتخب ابواب
۶	انگلش رین بو (۸)	سبق ۵	سبق ۹ مع گرامر
۷	کبریٰ	ص ۷	ص ۲۰
۸	امور خانہ داری حصہ ہشتم	سبق ۳	سبق ۸
۹	بہار شریعت حصہ اول	عقائد نبوت	مکمل

(درجہ ثالثہ) سالانہ

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	تنویر الآثار حصہ دوم	ابتدا	مکمل
۲	ہدایۃ النحو	توابع	قسم ثانی فی الفعل ص ۹۰
۳	القرآۃ الراشدہ حصہ دوم	سبق اول	سبق ۳۵
۴	معلم الانشاء حصہ اول	تمرین ۷۱	۱۱۸
۵	قدوری	منتخب ابواب	
۶	انگلش رین بو (۸)	سبق ۱۰	آخر مع گرامر
۷	کبریٰ	ص ۲۱	آخر
۸	امور خانہ داری حصہ ہشتم	دوسرا وچوتھا باب	دوسرا اور چوتھا باب (تیسرا خارج)
۹	بہار شریعت حصہ دوم	ابتدا	مکمل

(درجہ رابعہ) سہ ماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	ترجمہ قرآن	پارہ اول	نصف اول
۲	شرح وقایہ جلد اول	کتاب الطہارۃ	نواقض وضو ص ۷۹
۳	اصول الشاشی	ص ۵	ص ۱۴ ماقبل استعارہ
۴	مجانی الادب	ابتدا	ص ۱۷
۵	معلم الانشاء حصہ دوم	تمرین ۱	۱۰
۶	انگلش ہائی اسکول (IX)	سبق ۱	سبق اکمل
۷	بہار شریعت حصہ سوم	نماز کا بیان	شرط دوم

(درجہ رابعہ) ششماہی

نمبرشمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	ترجمہ قرآن	نصف آخر پارہ اول	دوم مکمل
۲	شرح وقایہ جلد اول	کتاب الطہارۃ از نواقص وضو	منتخب ابواب
۳	اصول الشاشی	ص۱۴ استعارہ	ماقبل المامور بہ نوعان
۴	مجانی الادب	ص۱۸	ص۴۰
۵	معلم الانشاء حصہ دوم	تمرین ۱۱	۲۵
۶	انگلش ہائی اسکول (IX)	۲ تا سبق ۳	نظم ۱ تا ۲ مع گرامر
۷	معرفۃ التجوید	ابتدا	مکمل
۸	بہار شریعت حصہ سوم	شرط سوم	آخر

(درجہ رابعہ) سالانہ

نمبرشمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	ترجمہ قرآن	پارہ سوم	چہارم
۲	شرح وقایہ جلد دوم		منتخب ابواب
۳	موطاء امام محمد مع اصطلاحات اصول حدیث		منتخب ابواب
۴	ازہارالعرب	ابتدا	ص ۳۵
۵	معلم الانشاء حصہ دوم	تمرین ۲۶	۴۶
۶	انگلش ہائی اسکول (IX)	۴ تا سبق ۵	نظم ۴ تا ۵ مع گرامر
۷	مصباح التجوید	ابتدا	مکمل
۸	بہار شریعت حصہ چہارم	ابتدا	مکمل

نوٹ: کمپیوٹر اختیاری!

(درجہ خامسہ) سہ ماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	ترجمہ قرآن	پارہ پنجم	نصف اول
۲	مشکوٰۃ شریف جزء اول	ابتدا	کتاب الایمان مکمل
۳	ہدایہ اولین	کتاب الطہارت ابتدا	موجبات غسل
۴	منشورات	سبق ۱	سبق ۵
۵	معلم الانشاء حصہ دوم	تمرین ۴۷	۵۰
۶	انگلش ہائی اسکول (X)	سبق ۱	مکمل
۷	بہار شریعت حصہ ہفتم		نکاح کا بیان مکمل
۸	کشیدہ کاری		پریٹکل
۹	جامع الوقف		

(درجہ خامسہ) ششماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	ترجمہ قرآن	پارہ پنجم نصف آخر	پارہ ششم مکمل
۲	مشکوٰۃ شریف جزء اول		منتخب ابواب
۳	ہدایہ اولین	کتاب الطہارت	منتخب ابواب
۴	منثورات	سبق ۶	سبق ۱۲
۵	معلم الانشاء حصہ دوم	تمرین ۵۱	۶۰
۶	انگلش ہائی اسکول (X)	سبق ۲ تا ۳	نظم ۱ تا ۲
۷	بہار شریعت حصہ ہفتم	محرمات	آخر کتاب
۸	کشیدہ کاری		پریکٹیکل
۹	جامع الوقف		مکمل

(درجہ خامسہ) سالانہ

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	ترجمہ قرآن	پارہ ہفتم	ہشتم
۲	مشکوٰۃ شریف جزء ثانی		منتخب ابواب
۳	ہدایہ اولین	کتاب الصلوٰۃ	کتاب الرضاع
۴	منثورات	سبق ۱۳	سبق ۲۸
۵	معلم الانشاء حصہ دوم	تمرین ۶۱	۷۰
۶	انگلش ہائی اسکول (X)	سبق ۴ تا ۵	نظم ۳ تا ۴
۷	بہار شریعت حصہ ہشتم		مکمل
۸	کشیدہ کاری		پریکٹیکل
۹	معرفۃ الرسوم		مکمل

نوٹ: کمپیوٹر اختیاری!

(درجہ سادسہ،فضیلت) سہ ماہی

نمبرشمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	جلالین شریف	پارہ اول	چوتھائی اول
۲	بخاری شریف جلداول	کتاب الایمان اول باب کیف بدء الوحی	کتاب العلم باب حفظ العلم
۳	ترمذی شریف جلداول	کتاب الطہارت ص ا	ص ۱۰
۴	ہدایہ خیرین	ص ۱۸	ص ۲۹ ماقبل باب خیارالشرط
۵	فن تعلیم تربیت	ابتدا	ص ۷۰
۶	مقالہ نگاری	اسلام اور خمینی مذھب ابتداء/قرآن وصحابہ	خلافت و شیعہ مذہب
۷	سلائی کٹائی		

(درجہ سادسہ،فضیلت) ششماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	جلالین شریف	پارہ اول ربع	پارہ اول مکمل
۲	بخاری شریف جلد اول	ابتدا	کتاب الغسل
۳	ترمذی شریف جلد اول	کتاب الطہارۃ	کتاب النکاح، کتاب الطلاق واللعان
۴	ہدایہ اخیرین	ص ۲۹ باب خیار الشرط	ص ۴۸ ماقبل باب بیع الفاسد
۵	فن تعلیم وتربیت	ص ۱۷	نصف اول ص ۲۲۹
۶	مقالہ نگاری اسلام اور خمینی مذھب	صحابہ کرام	آخر کتاب
۷	سلائی وکٹائی	ابتدا	ص ۱۴ تحریری و پریکٹیکل

(درجہ سادسہ، فضیلت) سالانہ

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	جلالین شریف	دوسرا پارہ	مکمل
۲	بخاری شریف جلد دوم	ابتدا	قبل حجۃ الوداع ص ۶۳۰
۳	ترمذی شریف جلد دوم	باب البر والصلہ	باب الاستیذان والادب ،ابواب فضائل قرآن ابواب العلم
۴	ہدایہ اخیرین	کتاب الذبائح ص ۴۱۸	ما قبل فصل الاستبراء ص ۴۴۸
۵	فن تعلیم وتربیت	ص ۲۳۰	نصف آخر
۶	فتنوں کا ظہور اور اہل حق کا جہاد		منتخب
۷	سلائی وکٹائی	مکمل کتاب	تقریری وپریکٹیکل

تخصص فی الفقہ (سال اول)

سہ ماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	سراجی	ابتدا	ختم باب التصحیح ص ۵۹
۲	تفسیرات احمدیہ	منتخب آیات	تفصیل الگ ہے
۳	طحاوی شریف اول	ابتدا	ص ۳۵ (ختم باب غسل الرجلین)
۴	الاشباہ والنظائر فن اول	القاعدۃ الاولیٰ	مکمل
۵	نور الانوار	ابتدا ص ۴	ص ۱۷ (ماقبل تعریف الخاص)
۶	مشق افتا	کتاب الطھارۃ	کتاب الصلوٰۃ

تخصص فی الفقہ (سال اول)

ششماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	سراجی	ابتدا	ختم باب مناسخہ باستثناء مقاسمۃ الجد
۲	تفسیرات احمدیہ	منتخب آیات	تفصیل الگ ہے
۳	طحاوی شریف اول	ص ۳۵ باب الوضو هل یجب لکل صلاۃ ام لا	ص۷۲ ما قبل باب حکم بول الغلام و الجاریة باستثنا باب المسح علی الخفین ص۷۳ تا ص٦٧
۴	الاشباہ والنظائر فن اول	القاعدة الثانیه	بیان الاخلاص فیہا
۵	نورالانوار	ص۱۷ (تعریف الخاص)	ص۴۵
٦	مشق افتا	کتاب الزکوٰۃ ، کتاب الصوم، کتاب الحج	

تخصص فی الفقہ (سال اول)

سالانہ

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	المعتقد المنتقد	الہیات مکمل اول	ص۸۴ حسن وقبیح
۲	تفسیرات احمدیہ	منتخب آیات	تفصیل الگ ہے
۳	طحاوی شریف اول	ص ۷۲ باب حکم بول الغلام و الجارية	ص۱۲۹ باب الصلوة الوسطى ان الصلوات باستثنا (باب غسل يوم الجمعة، باب الاستجمار بالعظام، كتاب الصلوٰة ص۹۸ تا ص۱۱۸
۴	الا شباہ والنظائر فن اول	القاعدة ثالثه	مکمل
۵	نورالانوار	ص ۵٦ (الامر نوعان) تا ص ۷۱ ماقبل مبحث العام	ص ۱۵۷ تا ص ۱٦۹ مبحث الوجوہ الفاسدہ مکمل
٦	مشق افتا	كتاب البيوع، كتاب الا جارة ، كتاب الشركة، كتاب المضاربة، كتاب الوكالة، كتاب الكفالة، كتاب الحواله	

تخصص فی الفقہ (سال دوم)

سہ ماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	نورالانوار	ص۲۲۸ مبحث القیاس	ص۲۳۲ ما قبل ثم للقياس تفسير لغة و شريعة
۲	تفسیرات احمدیہ	منتخب آیات	تفصیل الگ ہے
۳	طحاوی شریف ثانی	ص۵ کتاب النکاح	ص ۱۱ ما قبل باب التزویج علی سورة من القرآن
۴	الا شباہ والنظائر فن ثانی	قاعده رابعه	مکمل
۵	شرح عقود رسم المفتی	ص۳۹	ص۵۵ عن الفتویٰ على ظاهر الرواية
۶	مشق افتا	هبة، وديعة، عارية	

تخصص فی الفقہ (سال دوم)

ششماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
ا	نورالانوار	ص۲۳۲ثم للقیاس تفسیر لغة و شریعة	۲۵۶ما قبل فلیس للسائل
۲	تفسیرات احمدیہ	منتخب آیات	تفصیل الگ ہے
۳	طحاوی شریف ثانی	ص ۱۱ باب التزویج علی سورة من القرآن	ص۴۴ ماقبل "باب المتو فی عنها زوجها"
۴	الاشباہ والنظائر فن ثانی	القاعدة السادسة	سادسہ مکمل
۵	شرح عقود رسم المفتی	ص ۵۶ بحث الکتب غیرالمحررہ	ص۱۱۱قبل التتمة
۶	مشق افتا	نکاح، رضاع، طلاق، عدة، نفقات	

تخصص فی الفقہ (سال دوم)

سالانہ

نمبرشمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	نورالانوار	ص۲۸۵ مبحث الاھلیۃ	ص۳۱۸ ختم کتاب
۲	تفسیرات احمدیہ	منتخب آیات	تفصیل الگ ہے
۳	طحاوی شریف ثانی	ص۴۹ باب الرجل یقول لا مرأته انت طالق ص۶۷ کتاب الایمان و النذور ص۲۲۰ کتاب الھبة و الصدقة	ص۶۱ ماقبل کتاب العتاق ۷۶ ماقبل کتاب الحدود ص۲۳۲ ما قبل المزاء عة
۴	الا شباہ والنظائر فن ثانی	النوع الثانی من القواعد ، القاعدة الاولیٰ	القاعدة الرابعة، التابع تا بع
۵	شرح عقود درسم المفتی	ص۱۱۱ التتمة	ص ۱۳۷ ما قبل معرفۃ القول المعتمد فی الکتب والفتاویٰ
۶	مشق افتا	ذبائح اضحیة، ایمان، حظر و اباحت، وصایا، فرائض	

تفسیرات احمدیہ منتخب آیات

برائے تخصص فی الفقہ (سال اول)

سہ ماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	احل لكم ليلة الصيام الرفث الخ	ص۵۸	ص۶۳
۲	ولا تنكحو المشركات حتى يومنّ الخ	ص۷۹	ص۸۰
۳	و يسئلونك عن المحيض الخ	ص۸۰	ص۸۳

برائے تخصص فی الفقہ (سال اول)

ششماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۴	للذين يولون من نسا ئهم	ص۸۵	ص۸۶
۵	والمطاقت يتر بصن با نفسهن الخ	ص۸۶	ص۹۰
۶	الطلاق مرتان فامساك الخ	ص۹۰	ص۹۷
۷	واذا طلقتم النساء فبلغن الخ	ص۹۷	ص۹۸
۸	واذا طلقتم النساء فبلغن اجلهن الخ	ص۹۹	ص۱۰۰
۹	والوالدات يرضعن اولا دهن حولين كاملين الخ	ص۱۰۰	ص۱۰۵
۱۰	واللذين يتوفون منكم ويذدون ازو اجايتر بصن الخ	ص۱۰۵	ص۱۰۷
۱۱	ولا جناح عليكم فيما عرضتم من خطبة النساء الخ	ص۱۰۷	ص۱۰۸

برائے تخصص فی الفقہ (سال اول)

سالانہ

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱۲	لا جناح عليكم ان طلقتم النساء مالم تمسوهن الخ	ص۱۰۸	ص۱۱۱
۱۳	والذين يتوفون منكم و يذدون ازوا جاوصية لا زوا جهم الخ	ص۱۱۳	ص۱۱۵
۱۴	واتو النساء صدقاتهن نحلة	ص۱۴۸	ص۱۵۰
۱۵	واللتى يا تين الفا حشةالخ	ص۱۶۱	ص۱۶۳
۱۶	يا ايها الذين آمنو الا يحل لكم ان تر ثوا لنسئا الخ	ص۱۶۷	ص۱۶۹
۱۷	ولا تنكحو امانكح آباء كم من النساء الخ	ص۱۶۹	ص۱۷۴
۱۸	واحل لكم ماوراء ذلكم ان تبتغوا بامو الكم الخ	ص۱۷۴	ص۱۷۵
۱۹	و من لم يستطع منكم طولا ان ينكح الخ	ص۱۷۵	ص۱۷۸
۲۰	يا ايها النبى اذا طلقتم النساء فطلقوهن لعد تهن الخ	ص۴۷۸	ص۴۸۱
۲۱	والّتى يئسن من المحيض من نساء كم الخ	ص۴۸۱	ص۴۸۳
۲۲	اسكنو هن من حيث سكنت من وجد كم الخ	ص۴۸۳	ص۴۸۶

تفسیرات احمدیہ منتخب آیات

برائے تخصص فی الفقہ (سال دوم)

سہ ماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	الرجال قوامون على النساء الخ	ص۱۸۱	ص۱۸۲
۲	و ان امرأة خافت من بعلها الخ	ص۲۱۰	ص۲۱۱
۳	ولن تستطيعوا ان تعدلو بين النساء الخ	ص۲۱۱	ص۲۱۲

ششماہی

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۴	الزانية والزانی فاجلدوالخ	ص۳۵٦	ص۳۵۹
۵	الزانی لا ینکح الا زانية او مشركة الخ	ص۳۵۹	ص۳٦۰
٦	واللذين يرمون المحصنٰت الخ	ص۳٦۰	ص۳٦۴

۷	والــلــذيــن يرمون ازو اجهم ولم يكن لهم الخ	ص۳۶۵	ص۳۶۷
۸	قـل لـلـمؤ مـنيـن ان يغضو من ابصار هم الخ	ص۳۶۹	ص۳۷۵
۹	وانــكــحــو الا يــامى مـنـكـم والصالحين الخ	ص۳۷۵	ص۳۷۷
۱۰	لا تـكـر هـو فتيا تكم على البغاء الخ	ص۳۷۶	ص۳۸۰
۱۱	يـا ايها اللذين آمنو ليستا ذنكم الذين الخ	ص۳۸۰	ص۳۸۳

سالانہ

نمبرشمار	اسمائے کتب	از	تا
۱۲	قال انى اريد ان انكحك احدى الخ	ص۳۹۲	ص۳۹۶
۱۳	النبى اولىٰ بالمو منين من انفسهم الخ	ص۴۰۸	ص۴۱۰
۱۴	يا ايها النبى قل لا زو اجك ان كنتن تردن الخ	ص۴۱۰	ص۴۱۱
۱۵	يا نساء النبى لستن كاحد من النساء الخ	ص۴۱۱	ص۴۱۲

۱۶	وماکان لمومن ولا مومنة اذاقضی الله الخ	ص۴۱۲	ص۴۱۵
۱۷	ما کان محمد ابا احد من رجالکم الخ	ص۴۱۵	ص۴۱۶
۱۸	یا ایھا اللذین آمنو اذا نکحتم المومنٰت الخ	ص۴۱۶	ص۴۱۷
۱۹	یا ایھا النبی انا احللنا لك ازواجك الخ	ص۴۱۷	ص۴۲۰
۲۰	یا ایھااللذین آمنو لا تد خلو ا بیوت النبی الخ	ص۴۲۰	ص۴۲۳
۲۱	ووصینا الانسان بو الدیه احسانا الخ	ص۴۳۹	ص۴۴۱
۲۲	قد سمع الله قول التی تجادلك فی زوجھاالخ	ص۴۵۹	۴۶۴

ہدایہ اولین (جزء اول) کے منتخب ابواب

۱	کتاب الطھارة	۴	باب الحیض و الاستحاضة
۲	باب الماء الذی یجو زبه الوضوء	۵	باب الانجاس و التطھیر
۳	باب التیمم		

ہدایہ اولین (جزء اول) کے منتخب ابواب

۱	كتاب الصلوٰة	۸	باب سجود السهو
۲	باب شروط الصلوٰة	۹	باب صلوٰة المريض
۳	باب صفة الصلوٰة	۱۰	باب في سجدة التلاوة
۴	باب الحدث في الصلوة	۱۱	باب صلوٰة المسافر
۵	باب مايفسد الصلوٰة	۱۲	باب الجنائز
۶	باب صلوٰة الوتر	۱۳	كتاب الرضاع
۷	باب النو افل		

شرح وقایہ (جلد اول) کے منتخب ابواب

۱	كتاب الطهارة مكمل با ستثناء باب المسح على الخفين	۵	كتاب الصلوٰة
۲	باب التيمم	۶	باب شروط الصلوٰة
۳	باب الحيض	۷	باب صفة الصلوٰة
۴	باب الانجاس		

شرح وقایہ (جلد ثانی) کے منتخب ابواب

۱	كتاب النكاح	5	كتاب الطلاق
۲	باب الولی و الكفو	٦	باب ايقاع الطلاق
۳	باب المهر، باب القسم	۷	باب الرجعة
۴	كتاب الرضاع	۸	باب العدة

ترمذی شریف (جلد اول) کے منتخب ابواب

۱	كتاب الطهارة	۳	كتاب الطلاق و اللعان
۲	كتاب النكاح		

ترمذی شریف (جلد ثانی) کے منتخب ابواب

۱	باب البرو الصلة	۳	ابواب فضائل القرآن
۲	باب الاستيزان والادب	۴	ابواب العلم

مشکوۃ شریف (جزء اول) کے منتخب ابواب

١	کتاب الایمان	۵	باب صدقة المرأة من مال الزوج
٢	باب الاعتصام بالکتاب والسنة	٦	باب البکاء علی المیت
٣	باب العلم	٧	باب الاستغفار و التوبة
۴	کتاب الطهارة مکمل		

مشکوۃ شریف (جزء ثانی) کے منتخب ابواب

١	کتاب النکاح	٦	باب الولیمه ، باب القسم
٢	باب النظر الی المخطوبة	٧	باب عشرة النکاح، باب الخلع و الطلاق
٣	باب الولی فی النکاح و استیزان المرأة	٨	باب الاستبراء و باب النفقات
۴	باب المحرمات، باب اعلان النکاح	٩	کتاب الاطعمة
۵	باب المباشرة، باب الصداق	١٠	باب الضیافةو باب التوکل و الصبر

قدوری شریف کے منتخب ابواب

۱	كتاب الطهارة	۱۹	زكوٰة الزروع والثمار
۲	باب التيمم	۲۰	باب من يجوزدفع الصدقة اليه و من لا يجوز
۳	باب الحيض	۲۱	باب الصدقة
۴	باب الانجاس	۲۲	كتاب الصوم
۵	كتاب الصلوٰة	۲۳	كتاب الحج
۶	باب شروط الصلوٰة	۲۴	باب القرآن
۷	باب قضاء الفوائت	۲۵	باب التمتع
۸	باب الاوقات التى تكره فيها الصلوة	۲۶	باب الجنايات
۹	باب النوافل	۲۷	باب الاحصار
۱۰	باب سجود السهو	۲۸	باب الفوات
۱۱	باب صلوٰةالمريض	۲۹	باب الهدى
۱۲	باب سجود التلاوة	۳۰	كتاب اللقطة
۱۳	صلاة المسافر	۳۱	كتاب النكاح
۱۴	باب الجنائز	۳۲	كتاب الرضاع
۱۵	كتاب الزكوٰة	۳۳	كتاب الطلاق
۱۶	باب ذكوٰة الفضة	۳۴	باب الرجعة
۱۷	باب زكوٰة الذهب	۳۵	كتاب العدة
۱۸	باب زكوٰة العروض		

نورالایضاح کے منتخب ابواب

فصل فی صلوٰة المریض	۷	کتاب الطهارة مکمل (باب المسح عل الخفین خارج)	ا
باب صلوٰة المسافر	۸	کتاب الصلوٰة	۲
باب صلوٰة المریض	۹	باب شروط الصلوٰة	۳
باب قضاً الفوائت	۱۰	باب ما یفسدالصلوٰة	۴
باب سجود السهو	۱۱	باب الوتر	۵
باب سجود التلاوة	۱۲	باب النوافل	۶

مئوطاامام کے منتخب ابواب

۱	وقوت الصلوٰۃ، باب ابتداء الوضوء	۱۱	باب الاغتسال من الجنابة
۲	باب غسل اليدين فی الوضوٗ	۱۲	باب التيمم با الصعيد
۳	باب الوضوء فی الاستنجاء	۱۳	باب الرجل يصيب من امرأته ويبا شرها وهی حائضة
۴	باب الوضوء مما غيرت النار	۱۴	باب اذاالتقی الختانان
۵	باب الرجل والمرأةيتوضأ ان من اناء واحد	۱۵	باب الرجل ينام الخ
۶	باب الوضوء من الرعاف	۱۶	باب المرأة تریٰ فی منا مهاا لم
۷	باب الغسل من بول الصبی	۱۷	باب المستحاضة
۸	باب الوضوء مما يشرب منه السباع	۱۸	باب المرأة تری الصفرةوالكدره
۹	باب الوضوء بماء البحر	۱۹	باب المرأة تغتسل بعض اعضاء الرجل الخ
۱۰	باب المسح علی الخمار	۲۰	باب الرجل يغتسل أويتو ضأ بسور المرأةِ
۲۱	باب الوضوء بسور الهرة	۳۰	باب الرجل ينسی الصلوٰة اوتفوته

مقالہ برائے امتحان سالانہ (درجہ فضیلت)

کلیۃ البنات الامجدیہ گھوسی، مئو

اقتباسات از کتاب ''فتنوں کا ظہور اور اہل حق کا جہاد''

نمبر شمار	اسمائے کتب	از	تا
۱	فتنوں کا ظہور اور اہل حق کا جہاد	ص۱۴	ص۲۱
۲	پہلا فرقہ معتزلہ	ص۲۱	(۶) اللہ تعالیٰ پر اپنے افعال میں ....بس (۲۳)
۳	دوسرا فرقہ شیعہ	ص۳۶	(۲) یا حضرت علی یا ان کی اولاد ص۳۶
۴	فرقۂ امامیہ	ص۵۰	جن کو امام نے محصل کے آخر میں ذکر کیا ہے۔ص۵۰
۵	اثنا عشریہ	ص۵۱	(۲۱) وہ رجعت کے قائل ہیں ص ۵۴
۶	چوتھا فرقہ مرجۂ	ص۶۲	ان سب سے ان کا مقصد یہ ہے کہ ص۶۴
۷	فرقۂ ناجیہ	ص۶۹	ص۷۰
۸	(۱) قادیانی	ص۷۰	ص۷۴
۹	(۲) فرقۂ نیچریہ	ص۷۴	ص۷۶
۱۰	(۳) اہل قرآن یا چکڑالوی	ص۷۶	ص۷۸

نصاب درجۂ تجوید

روایت حفص علیہ الرحمہ

(سال اول)

نمبر شمار	اسمائے کتب	
ا	معرفۃ التجوید مع جامع التجوید	ششماہی اول
٢	مصباح التجوید	ششماہی دوم
٣	مشق ترتیل	
۴	مشق تدویر عم پارہ	

(سال آخر)

نمبر شمار	اسمائے کتب	
ا	جامع الوقف	ششماہی اول
٢	معرفۃ الرسوم	ششماہی دوم
٣	مشق ترتیل	
۴	حدر مکمل قرآن	

﴿تعارف﴾

طيبة العلماء جامعه امجديه رضويه

و

كلية البنات الامجديه

یہ دونوں ادارے آج محتاج تعارف نہیں۔ معیاری تعلیم وتربیت اور حسن نظم ونسق کی بنیاد پر بے پناہ شہرت حاصل کر چکے ہیں۔ یہ مجدد اعظم امام احمد رضا محدث بریلوی اور فقیہ اعظم صدرالشریعہ علامہ امجد علی اعظمی علیہما الرحمہ کے نام سے منسوب ہیں۔ سلطان الاساتذہ ممتاز الفقہاء علامہ مفتی ضیاء المصطفیٰ قادری مدظلہ العالی نے قائم فرمایا۔ ۱۴۰۲ھ میں تاج الشریعہ نبیرۂ امام احمد رضا علامہ شاہ مفتی محمد اختر رضا ازہری دام ظلہ کے دست مبارک سے اس کی تاسیس عمل میں آئی اور ۲/ذی قعدہ ۱۴۰۵ھ مطابق ۲۱ جولائی ۱۹۸۵ء کو اس میں تعلیمی افتتاح ہوا۔ بفضلہٖ تعالیٰ بڑی سرعت کے ساتھ عروج وارتقاء کے شاہراہ پر فائز ہوتا گیا اور مختصر سی مدت میں اپنے متعدد عظیم منصوبوں میں پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا۔ اس میں درس نظامی، قرأت اور حفظ کی تعلیم کا معقول نظم ہے۔ ۵۰۰/بیرونی طلبہ کی تعلیم وتربیت خورد ونوش اور رہائش کا مکمل انتظام ہے۔ ماہر اساتذہ پوری محنت و جانفشانی کے ساتھ فرزندان اسلام کو زیور علم سے آراستہ کر رہے ہیں۔

طيبة العلماء کے مقاصد:

(۱) عصر حاضر کے اعتبار سے انگریزی زبان میں ماہر افراد پیدا کرنا۔

(۲) تدریس، تصنیف، تالیف، خطابت، صحافت، افتاء؛ قضاء ہر میدان میں جید افراد و پیش کرنا

(۳) زبان وبیان سے مسلح علماء کرام کی صفیں تیار کرنا۔

(۴) ڈائننگ ہال۔

(۵) کمپیوٹر ہال۔

جامعه کے چند شعبے:

(۱) شعبہ دارالافتاء (۲) شعبہ درس نظامی (۳) شعبہ تحقیق (۴) شعبۂ قرآت مکمل (۵) شعبہ حفظ

(۶) شعبہ نشر واشاعت (۷) شعبہ دعوت وتبلیغ (۸) دارالمطالعہ ﴿جامعہ لائبریری، امجدیہ لائبریری﴾ (۹) شعبہ کمپیوٹر۔

كلية البنات الامجديه

یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ آج کل مسلم خواتین کی اکثریت علوم اسلامیہ سے بیگانہ ہے۔ خصوصیت کے ساتھ ہندوستان میں اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ یہاں خواتین کے لیے مدارس ومکاتب گنے چنے تعداد میں پائے جاتے ہیں اللہ تعالیٰ کی توفیق سے محدث کبیر حضرت علامہ ضیاء المصطفیٰ صاحب قبلہ مدظلہ العالی کوخواتین کی اس علمی حالت زار کا شدید احساس ہوا۔ اورانہوں نے خواتین اسلام کوعلوم دینیہ اورافکار اسلامیہ سے آراستہ کرنے کے لیے ۱۹۸۲ء میں ایک عظیم ادارہ کلیۃ البنات الامجدیہ کے نام سے قائم کیا۔ آج بحمدہٖ تعالیٰ دو بڑی درسگاہی عمارت کےعلاوہ ایک دومنزلہ ہاسٹل کی تعمیر مکمل ہوچکی ہے۔ جو بیرونی طالبات کے لیے مخصوص ہے۔

کلیہ کی سرگرمیاں روزافزوں ہیں، اب تک متعدد جماعتیں عالمہ فاضلہ ہوکر مختلف مقامات پر دین اسلام کی تبلیغ واشاعت میں مصروف ہیں۔

کلیۃ البنات الامجدیہ کا
اجمالی خاکہ

(۱) **درسگاھی بلڈنگ** :اس کے لیے دو بڑی عمارتیں مخصوص ہیں۔جن میں ہمیشہ تعلیمی سرگرمیاں جاری رہتی ہیں۔

(۲) **ھاسٹل**: یہ دومنزلہ عمارت جو۴۰ کمروں پر مشتمل ہے جس میں بیرونی طالبات کے قیام کا انتظام ہے لیکن صرف اتنے کمروں سے ضرورت کی تکمیل نہیں ہوسکتی مزید ایسی لمبی چوڑی عمارت درکار ہے جو کم ازکم سو کمروں پر مشتمل ہو کیوں کہ طالبات کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہوتا جارہا ہے۔

﴿الف﴾ **المکتبۃ الدراسیہ**: یہ لائبریری درسی کتابوں کے لیے مخصوص ہے۔

﴿ب﴾ **المکتبۃ العامہ** : جو ضیاء لائبریری کے نام سے موسوم ہے جس میں کم وبیش دو ہزار عربی وفارسی ، اردو انگریزی کتابیں موجود ہیں۔

تعلیمی خاکہ:

کلیۃ البنات الامجدیہ میں تحتانیہ سے لے کر تخصص فی الفقہ تک کی تعلیم ہوتی ہے،جس میں تیس معلمات ہیں جو انتہائی محنت اور اخلاص کے ساتھ تدریسی فرائض انجام دیتی ہیں۔

اسناد:

طالبات کو کئی طرح کی سندیں دی جاتی ھیں:

﴿۱﴾ تخصص ﴿۲﴾ فضیلت ﴿۳﴾ قرأت ﴿۴﴾ دستکاری۔ یہ اسناد اور رداء کلیۃ البنات الامجدیہ کے سالانہ جلسہ کے موقع پر دی جاتی ہیں۔

دستکاری کا شعبہ :علوم اسلامیہ کی تعلیم کے ساتھ ساتھ طالبات کو کپڑے کی سلائی، کڑھائی ، پینٹنگ، کمپیوٹر اور امور خانہ داری کی مشق کرائی جاتی ہے۔

تعمیری منصوبے:

(۱)ڈائننگ ہال (۲)ہال برائے نماز و پروگرام۔

کلیہ کے تعلیمی شعبے:

﴿۱﴾درجہ قرأت ﴿۲﴾درجہ عالمیت ﴿۳﴾درجہ فضیلت ﴿۴﴾تخصص ﴿۵﴾ضیاء لائبریری ﴿۶﴾سلائی کشیدہ کاری ﴿۷﴾کمپیوٹر سینٹر ﴿۸﴾کلیہ لائبریری ﴿۹﴾درجات تحتانیہ۔

گذارش:

یہ دونوں ادارے برصغیر میں اپنی نوعیت کے اعتبار سے منفرد ہیں، لہٰذا اپنے صدقات وزکوٰۃ اور خصوصی عطیات سے تعمیری منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں۔

فَجَزَا هُمُ اللّٰهُ اَحۡسَنَ الۡجَزَاء فِي الدَّارَيۡن